© rasailojaraid.com



محاکمہ اور دعوت غور و فکر اور علمی نظام وتدریسی نصاب میں حقیقت پسندی اور نافع سے نافع تر کو اختیار کرنے کی سنجیدہ اور حقیقت پسندانہ دعوت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے اہل مدارس واضعین نصاب اور رہنمایان تعلیم کو اس کے مطالعہ اور اس سے فائدہ اٹھانے کی توفیق دے۔ آمین (مولانا محمد ابراہیم فانی)

---

کتاب: جنہیں ختم نبوت سے عشق تھا ۔ مؤلف : محمد طاہر رزاق صاحب

ضخامت: ۲۱۶ صفحات قیمت: -/۸۰ روپے ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان

جناب محترم محمد طاہر رزاق صاحب کی یہ چودھویں کتاب جنہیں ختم نبوت سے عشق تھا' زیور طباعت سے آراستہ ہوکر منظر عام پر آ گئی ہے۔ اس سے قبل ختم نبوت اور مرزائیت وقادیانیت کے موضوع پر آپ کی تیرہ کتابیں منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوئی ہیں اور علمی حلقوں سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہیں۔ آپ کی یہ کتابیں اس شجرۂ خبیثہ کی بیخ کنی میں انتہائی اہم کردار ادا کر رہی ہیں' اور اس قسم کی اہم اور معلومات سے بھرپور مواد شائع کرتے ہوئے امت مسلمہ اور بالخصوص مسلمانان برصغیر کو مرزائیوں کی شرانگیزیوں سے بچانے کی کوشش کرتے ہیں۔

ان کی یہ موجودہ کتاب ان عاشقان رسول ﷺ کے متعلق ہے جنہوں نے اپنی زندگیاں تحفظ ختم نبوت پر نچھاور کر دیں اور اسی سلسلہ میں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا۔

مؤلف موصوف نے نئی نسل کے سامنے ان کے بہادر اسلاف کے عشق رسول سے آراستہ واقعات کو رکھا ہے تاکہ نوخیز نسل ان کے واقعات کو پڑھ کر اپنی آنکھوں کو روشنی اور دلوں کو ایمان کی حرارت مہیا کر سکے۔ حدیث عشق کے عنوان سے پروفیسر مولانا ظفر اللہ شفیق کا ابتداء میں قیمتی مقالہ شامل کیا گیا ہے۔ جس سے موضوع کتاب کی اہمیت واضح ہوجاتی ہے کیونکہ جب تک حضرت رسالت ماب ﷺ کی عزت وتوقیر اور ناموس پر اپنی جان و مال اور ساری کائنات کو تج دینے کا جذبہ دل میں کارفرما نہ ہو۔ اس وقت تک ایمان کامل کا دعویٰ باطل ہے۔

نہ جب تک کٹ مروں میں خواجہ یثرب کی عزت پر\
خدا شاہد کہ کامل مرا ایماں ہو نہیں سکتا

جناب محمد طاہر رزاق صاحب اس قسم کی ایمان افروز کتاب لکھنے پر صد مبارکباد کے مستحق ہیں۔ (مولانا محمد ابراہیم فانی)

---

کتاب: تفسیر کشف القرآن (اردو) مؤلف: شیخ القرآن حضرت مولانا محمد یعقوب شرودی دامت برکاتہم

مجلدات: ۰۵ ۔ناشر: جامعہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ فون نمبر 081-2665452 قیمت: درج نہیں۔

© rasailojaraid.com